دونعمتیں ہیں جن میں اکثر لوگ خسارے اور گھاٹے میں ہیں: صحت اور فراغت.

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:” دونعمتیں ہیں جن میں اکثر لوگ خسارے اور گھاٹے میں ہیں: صحت اور فراغت“۔

[صحیح] [اسے امام بخاری نے روایت کیا ہے۔]

انسان پراللہ کی دو عظیم نعمتیں ایسی ہیں جن کی قدر وقیمت کو وہ نہیں پہچانتا، اور ان میں عظیم خسارے سے دوچار ہوتا ہے۔ وہ نعمتیں تندرستی اور فارغ البالی ہیں اس لیے کہ انسان اللہ کی عبادت اچھے ڈھنگ سے اسی وقت کر سکتا ہے جب وہ صحت مند اور فارغ البال ہو۔ کبھی ایسا بھي ہوتا ہے کہ انسان فارغ ہوتا ہے لیکن اس کی تندرستی ٹھیک نہیں ہوتی، اور کبھی تندرستی ٹھیک ہوتی ہے لیکن فارغ البال نہیں ہوتا۔ پس وہ کسبِ معاش میں مشغولیت کی وجہ سے علم حاصل کرنے اور نیک اعمال کے لیے فارغ وقت نہیں پاتا۔ لهٰذا جسے یہ دونوں نعمتیں (تندرستی اور فارغ البالی) ملیں لیکن اس میں نیک اعمال سے کاہلی کرے تو وہ عظیم خسارے سے دوچار ہوا۔

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/5449